[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 1342** **F**

Unique Paper Code : 2142101202

Name of the Paper : Study of Modern Ghazal

Name of the Course : **B.A. (H) Urdu**

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے.

۱۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔ ۳۰

(الف)

دِل گیا، رونقِ حیات گئی غم گیا، ساری کائنات گئی

ترکِ اُلفت بجا سہی ناصح! لیکن اُس تک اگر یہ بات گئی؟

پھر میں نظر آیا، نہ تماشا نظر آیا جب تو نظر آیا، مجھے تنہا نظر آیا

اللہ رے! دیوانگی شوق کا عالم اک رقص میں ہرذرّۂ صحرا نظر آیا

جان سی شئے بک جاتی ہے ،ایک نظر کے بدلے میں آگے مرضی گاہک کی ، ان داموں تو سستی ہے

دل کا اجڑنا سہل سہی، بسنا سہل نہیں ظالم بستی بستا کھیل نہیں ہے بستے بستے بستی ہے

(ب)

اگر مرتے ہوئے لب پر نہ تیرا نام آئے گا تو میں مرنے سے در گزرا مرے کس کام آئے گا

اسے بھی ٹھان رکھ ساقی یقیں ہوگا نہ رندوں کو اگر زاہد پہن کر جامۂ احرام آئے گا

شب فرقت میں درد دل سے میں اس واسطے خوش ہوں زباں پر رات بھر رہ رہ کے تیرا نام آئے گا

لگی ہو کچھ تو قاصد آخر اس کم بخت دل میں بھی وہاں تیری طرح جو جائے گا ناکام آئے گا

اسی امید میں باندھے ہوئے ہیں ٹکٹکی مے کش کف نازک پہ ساقی رکھ کے اک دن جام آئے گا

کہاں سے لاؤں صبر حضرت ایوب اے ساقی خم آئے گا صراحی آئے گی تب جام آئے گا

۲۔اردو میں غزل کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔ ۱۵

۳۔شاد عظیم آبادی کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔ ۱۵

۴۔حسرت موہانی کی غزل گوئی کی امتیازی خصوصیات پر اظہار خیال کیجیے۔ ۱۵

۵۔'جگر مرادآبادی کی غزل' کے عنوان سے ایک مضمون تحریر کیجیے۔ ۱۵

۶۔اصغر گونڈوی کی غزل میں تصوف کے موضوعات کی نشاندہی کیجیے۔ ۱۵

۷۔فانی کی شاعری میں قنوطیت کے عناصر پر روشنی ڈالیے۔ ۱۵

۸۔ناصر کاظمی کی غزل گوئی کی انفرادی خصوصیات بیان کیجیے۔ ۱۵

۹۔غزل کے فن پر اظہار خیال کیجیے۔ ۱۵